**14.03.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ....................... ضمیر رضوی

**Music**

------------------------------

وزیراعظم نریندر مودی نے آسام کے سلچر سے 23 ہزار 550 کروڑ روپے لاگت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ شمال مشرق، اب بھارت کی ایکٹ ایسٹ پالیسی قیادت کررہا ہے۔

☆ وزیراعظم مودی آج دوپہر مغربی بنگال کے کولکاتا میں 18 ہزار 680 کروڑ روپے لاگت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کی نقاب کشائی کریں گے۔

☆ حکومت نے کنبوں، اسپتالوں، تعلیمی اداروں اور دیگر ضروری خدمات کیلئے بلارکاوٹ ایندھن فراہمی کی یقین دہانی کرائی ہے۔تقسیم سے متعلق رہنما خطوط کی خلاف ورزی کی صورت میں سبھی خوردہ ڈیلروں کو سخت کارروائی کا انتباہ دیاگیاہے۔

☆ مرکز نے قومی سلامتی قانون کے تحت لداخ کے کارکن سونم وانگ چُک کی حراست منسوخ کردی ہے۔

☆ عراق کی راجدھانی بغداد میں امریکی سفارت خانے کو میزائل حملوں کے ذریعہ نشانہ بنایا گیا۔ جنوبی لبنان میں ایک طبی مرکز پر اسرائیل کے حملے میں 12 طبی اہلکار ہلاک ہوگئے۔

☆ اورFIH خواتین عالمی کپ 2026 کے فائنل کوالیفائرز میں آج شام حیدرآباد میں بھارت کا مقابلہ انگلینڈ سے ہوگا۔

------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-SILCHAR**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے آج آسام میں سلچر سے 23 ہزار 550 کروڑ روپے مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کیا۔ جناب مودی نے سلچر میں امبیکا پور کے مقام پر تین پروجیکٹوں کیلئے بھومی پوجن کیا۔ یہ پروجیکٹ ہیں: 22 ہزار 864 کروڑ روپے کی تخمینہ لاگت والے سلچر ہائی اسپیڈ کاریڈور، 565 کروڑ روپے کی لاگت والے سلچر ٹاؤن فلائی اوور اور

ایک ہزار 22 کروڑ روپے کی تخمینہ لاگت والے Patharkandhi Agriculture College۔

اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے، جناب مودی نے کہا کہ جنوبی آسام کی Barak وادی، بھارت کو جنوب مشرقی ایشیا کے ساتھ جوڑنے والے ایک اہم پُل کے طور پر ابھر رہی ہے۔ انہوں نے کانگریس پر الزام لگایا کہ اس نے ملک کی آزادی کے بعد کئی دہائیوں تک خطے کو نظرانداز کیا۔ انہوں نے کہا کہ شمال مشرق اب بھارت کی Act East پالیسی کی قیادت کررہا ہے۔

**SB - PM Silchar Employment**

سلچر میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے، وزیرِ اعظم نے کہا کہ Barak وادی ایک زمانے میں ایک اہم تجارتی مرکز ہوا کرتا تھا لیکن کانگریس کے دور میں کئے گئے فیصلوں کی وجہ سے اُس کی یہ اہمیت ختم ہوگئی۔

**SB - PM Project Silchar**

دنیا میں ہر طرف پھیلی جنگ کی صورتحال کے بارے میں وزیرِ اعظم نے کہا کہ BJP سرکار اِس بات کو یقینی بنانے کیلئے ہرممکن کوششیں کررہی ہے کہ ہمارے ملک کے شہریوں کو پریشانیوں کا سامنا کم سے کم کرنا پڑے۔ ہم چاہتے ہیں کہ اِس جنگ کا اثر ملک کے شہریوں پر کم سے کم پڑے۔x

## PM-KOLKATA VISIT

وزیرِ اعظم نریندر مودی آج کولکاتہ کا دورہ کریں گے، جہاں وہ تقریباً 18 ہزار 680 کروڑ روپے مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ خطے میں سڑک بنیادی ڈھانچے کو فروغ دینے کی غرض سے وزیرِ اعظم کئی قومی شاہراہ پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ اِن شاہراہوں کی کُل لمبائی 420 کلومیٹر ہوگی اور اِن پر تقریباً 16 ہزار 990 کروڑ روپے خرچ ہوں گے۔ جناب مودی کئی نئے قومی شاہراہ پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد بھی رکھیں گے۔ اِن میں NH-116A کے 231 کلومیٹر طویل چار لین والے کھڑگ پور - Moregram اقتصادی کاریڈور سیکشن کے پانچ Package شامل ہیں۔

جناب مودی NH-14 پر پانچ اعشاریہ چھ کلومیٹر طویل چار لین والے Dubrajpur بائی پاس کی تعمیر کیلئے بھی سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ ریلوے کے سیکٹر میں وزیرِ اعظم Purulia - آنند وِہار ٹرمنل دلّی ایکسپریس کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ اِس سے مغربی بنگال، اترپردیش، بہار، جھارکھنڈ اور قومی راجدھانی خطے کے درمیان ریل رابطہ مستحکم ہوگا۔x

## GOVT BRIEFING WEST ASIA

حکومت نے کنبوں، اسپتالوں، تعلیمی اداروں اور دیگر ضروری خدمات کیلئے بلارکاوٹ ایندھن فراہمی کی یقین دہانی کرائی۔

ریفائنریز میں LPG کی گھریلو پیداوار میں 30 فیصد سے زیادہ کا اضافہ کردیا گیا ہے۔ پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت کی جوائنٹ سکریٹری سُجاتا شرما نے مغربی ایشیاء کے موجودہ حالات وواقعات کے تناظر میں، کل نئی دلّی میں منعقد بین وزارتی بریفنگ کے دوران یہ جانکاری دی۔ انہوں نے کہا کہ کمرشیل LPG سیلنڈر ریاستی حکومتوں کو دستیاب کرائے گئے ہیں، تاکہ وہ ترجیحی بنیادوں پر، انہیں گاہکوں میں تقسیم کرسکیں۔ محترمہ شرما نے بتایا کہ گاڑیوں کیلئے گھریلو PNG اور CNG کی بلارکاوٹ فراہمی کو یقینی بنایا جارہا ہے۔ سبھی خوردہ ڈیلرز کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ ایندھن کی تقسیم کے دوران رہنما خطوط پر سختی سے عمل کریں اور ان کی خلاف ورزی کرنے پر سخت کارروائی کی جائے گی۔ محترمہ شرما نے یہ بھی اعلان کیا کہ سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو اضافی 48 ہزار کلولیٹر مٹی کا تیل فراہم کیا گیا ہے، جو ریگولر سپلائی سے زیادہ ہے۔ ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ مٹی کے تیل کی تقسیم میں آسانی کیلئے ضلعی سطح کے مقامات کی پہچان کریں

**S/B Sujata Sharma**

بین وزارتی بریفنگ کے دوران وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے بھی بھارت کے لگاتار موقف کو دوہراتے ہوئے کہا کہ سبھی معاملات کو بات چیت اور سفارتکاری کے ذریعہ ہی حل کیا جانا چاہئے۔ اس دوران LPG پر دباؤ کو کم کرنے کیلئے ایندھن کے متبادل فعال کردیئے گئے ہیں۔ کوئلے کی وزارت نے کول انڈیا اور Singareini Coallieries کو حکم نامہ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ چھوٹے، درمیانی درجے کے اور دیگر صارفین میں کوئلہ تقسیم کرنے کیلئے ریاستوں کو زیادہ مقدار میں کوئلہ مختص کرے۔

بھارت میں ماحولیات، جنگلات اور آب وہوا کی تبدیلی کی وزارت نے آلودگی کی روک تھام سے متعلق ریاستی بورڈس کو ضیافت اور ریسٹورینٹس میں ایک مہینے تک مٹی کے تیل کو بطور متبادل ایندھن استعمال کرنے کی تجویز دی ہے۔ اس دوران وزیراعظم نریندر مودی نے جمعرات کے روز ایران کے صدر ڈاکٹر مسعود پیزشکیان سے بات کی اور ایران سمیت خطے میں موجود بھارتی شہریوں کی سلامتی اور بہتری سے متعلق نئی دلّی کی ترجیحات پر زور دیا۔ ×

## <u>SONAM WANGCHUK NSA REVOKED</u>

حکومت نے Sonam Wangchuk کی حراست فوری طور پر منسوخ کردی ہے۔ انہیں گذشتہ برس ستمبر میں قومی سلامتی قانون NSA کے تحت حراست میں لیا گیا تھا۔ وزارتِ داخلہ نے کہا ہے کہ Sonam Wangchuk کو گذشتہ برس لیہہ میں پیدا ہونے والی نظم ونسق کی سنگین صورتحال کے پس منظر میں حراست میں لیا گیا تھا۔ وزارت نے مزید کہا ہے کہ انہیں امن و قانون برقرار رکھنے کی خاطر لیہہ کے ضلع مجسٹریٹ کی طرف سے جاری کئے گئے ایک حکم پر عمل کرتے ہوئے NSA کے تحت حراست میں لیا گیا تھا۔ وزارتِ داخلہ نے کہا ہے کہ حکومت لداخ میں امن کے ماحول، استحکام اور باہمی اعتماد کو فروغ دینے کے تئیں عہد بند ہے تاکہ تمام متعلقہ فریقوں کے ساتھ تعمیری اور بامعنی مذاکرات کو یقینی بنایا جاسکے۔

وزارت نے مزید کہا ہے کہ اِس مقصد کے پیشِ نظر حراست کی منسوخی کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ وزارت نے کہا کہ حکومت، لداخ کیلئے سبھی ضروری تحفظ فراہم کرنے کے اپنے عہد کا اعادہ کرتی ہے۔ وزارتِ داخلہ نے مزید کہا کہ اسے امید ہے کہ خطے سے متعلق معاملات، اعلیٰ اختیاراتی کمیٹی کے توسط سے اور دیگر مناسب پلیٹ فارمز سمیت تعمیری مذاکرات کے ذریعے حل کرلئے جائیں گے۔x

## US-EMBASSY ATTACK IRAQ

عراق کے بغداد میں واقع امریکی سفارت خانے پر کل رات ہوئے میزائل حملے میں احاطے کے ہیلی پیڈ کو نشانہ بنایا گیا۔ یہ میزائل محفوظ ترین گرین زون میں سرایت کرنے میں کامیاب رہا، جہاں عراقی حکومت کی عمارتیں اور غیر ملکی سفارتخانے واقع ہیں۔ یہ حملہ راجدھانی بغداد میں ایک حملے کے دوران ایران کے حمایت یافتہ دو لڑاکوں کی موت کے کچھ ہی دیر بعد کیا گیا۔ بغداد میں واقع امریکی سفارتخانے نے اس معاملے پر فوری طور پر کوئی تبصرہ نہیں کیا ہے۔ ایران کے سرکاری نشریاتی ادارے نے خبر دی ہے کہ بغداد میں واقع امریکی سفارتخانے میں نصب راڈار سسٹم کو نشانہ بنانے کیلئے خودکش ڈرون کا استعمال کیا گیا۔
رپورٹ میں بتایا گیا کہ کارروائی کے دوران، سفارتی مشن کے احاطے میں موجود الیکٹرانک کا پتہ لگانے والے آلے کو خصوصی طور پر نشانہ بنایا گیا۔ عراق، طویل عرصے سے امریکہ اور ایران کے درمیان درپردہ جنگ کا میدان بنا ہوا ہے۔ جنوبی لبنان میں ایک طبی مرکز پر اسرائیل کے حملے میں 12 طبی اہلکار ہلاک ہوگئے۔x

## US-IRAN

امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران پورے مغربی ایشیائی خطے پر غلبہ حاصل کرنا اور اسرائیل کو تباہ و برباد کرنا چاہتا تھا لیکن بقول ان کے اس کے اِن منصوبوں کو اب ختم کیا جاچکا ہے۔ Truth سوشل پوسٹ پر، انہوں نے کہا کہ ایران کی طرح اب یہ منصوبے بھی ہمیشہ کیلئے ختم ہوچکے ہیں۔
اس سے پہلے صدر ٹرمپ نے کہا تھا کہ امریکہ کی وسطی کمان نے ایران میں Kharg جزیرہ کے فوجی ٹھکانوں پر زبردست بمباری کی اور بقول اُن کے اس کارروائی میں جزیرے پر موجود سبھی فوجی مقامات کو پوری طرح تباہ کردیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ یہ حملہ اُن کے حکم پر کیا گیا۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ یہ خطے کی تاریخ میں سب سے طاقتور بمباری میں سے ایک تھی۔x

## DUBAI CONSULATE VISA SERVICES

دبئی میں واقع بھارتی قونصل جنرل نے مغربی ایشیاء میں جاری حالات کے پیشِ نظر ریگولر بھارتی ویزے اور ای-

ویزے میں توسیع کا اعلان کیا ہے، نیز مغربی ایشیا کی موجودہ صورتحال کی وجہ سے بھارت میں پھنسے ہوئے غیر ملکیوں پر معینہ مدّت سے زیادہ قیام کی صورت میں عائد کیے جانے والے جرمانے کو معاف کر دیا ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں قونصل جنرل نے بتایا کہ ایسے متاثرہ شہریوں، جن کے سبھی طرح کے ویزوں اور ای-ویزوں کی مدت ختم ہورہی ہے یا جلد ہی ختم ہونے والی ہے، ان کے ایک مہینے کے قیام کی مدت میں بلامعاوضہ توسیع کی جارہی ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ 28 فروری کے بعد سے اپنی مدت ختم ہونے کے باوجود قیام پذیر متاثرہ غیر ملکی شہریوں کے جرمانے معاف کردیئے جائیں گے۔

قونصلیٹ جنرل نے کہا کہ متاثرہ غیر ملکی شہریوں کو بلامعاوضہ ایگزٹ پرمٹ فراہم کئے جائیں گے اور متاثرہ غیر ملکی شہریوں کی جانب سے ایگزٹ پرمٹ اور ویزوں میں توسیع کیلئے درخواست نہ دینے کو مائیگریشن قانون کی خلاف ورزی نہیں مانا جائے گا۔ قونصلر جنرل نے مزید کہا کہ پروازوں کے رُخ بدلنے کی وجہ سے بھارت آنے والے غیر ملکی شہریوں کو بلا معاوضہ عارضی لینڈنگ پرمٹ دیئے جائیں گے۔x

## BIHAR GOVERNOR OATH

ریٹائرڈ لیفٹیننٹ جنرل سید عطاء حسنین نے بہار کے 43 ویں گورنر کے طور پر حلف لیا۔ لوک بھون میں منعقدہ ایک تقریب میں پٹنہ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس سنگم کمار ساہو نے انہیں عہدے اور رازداری کا حلف دلایا۔ اِس موقع پر وزیرِ اعلیٰ نتیش کمار، نائب وزرائے اعلیٰ سَمراٹ چودھری اور وجے کمار سنہا اور دیگر سرکردہ شخصیات موجود تھیں۔x

## JITENDRA SINGH ENGINE

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے تمل ناڈو کے Mahendragiri میں ISRO کے Propulsion Complex میں 22 ٹن کے دباؤ کے ساتھ CE20 کرایوجینک انجن کی سمندر کی سطح پر کامیاب آزمائش کیلئے خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم ISRO کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، وزیرِ موصوف نے کہا کہ کامیاب آزمائش ملک کی جدید کرایوجینک پروپلشن صلاحیتوں کو مستحکم کرنے اور LVM3 پروگرام کی معتبریت میں مزید اضافہ کرنے کی جانب ایک اور اہم قدم ہے۔x

## INS SUDARSHINI MALTA

بھارتی بحری جہاز INS-Sudarshini، اپنی بین سمندری مہم جوئی Lokayan-26 میں اہم سنگ میل عبور کرتے ہوئے مالٹا کے Valletta پہنچ گیا ہے۔ وزارت دفاع نے بتایا کہ یہ دورہ، بھارت اور مالٹا کے درمیان گہرے بحری تعلقات کی نشاندہی کرتا ہے اور بحری جہاز کے اُمنگوں بھرے 22 ہزار بحری میل کے بحری عالمی سفر کے اہم مرحلے کی نمائندگی کرتا

ہے۔ INS-Sudarshini فی الحال اپنے بحری سفر کے دوسرے مہینے میں ہے، جو اس سال 20 جنوری کو، کوچی سے شروع ہوا تھا۔×

**RIJIJU-CHANDRASEKHAR**

اقلیتوں کے امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے آج کہا ہے کہ حکومت چھوٹی اقلیتی برادریوں کی بہبود کے تیئں پرعزم ہے۔ جناب رجیجو نے ملک کی چھوٹی اقلیتی برادریوں کے تحفظ اور انہیں تسلیم کرنے کی ضرورت سے متعلق BJP رہنما راجیو چندرشیکھر کی جانب سے کی گئی نمائندگی موصول ہونے کے بعد سوشل میڈیا پوسٹ میں یہ بات کہی۔ جناب رجیجو نے کہا کہ سبھی اسکیمیں اور اقدامات، منصفانہ، شفاف اور شمولیاتی انداز میں نافذ کئے جارہے ہیں، تاکہ چھوٹے اور کمزور طبقات پر توجہ مرکوز کرنے کو یقینی بنایا جاسکے۔×

**WOMEN'S HOCKEY FINAL**

خواتین کے FIH ہاکی عالمی کپ 2026 کے کوالیفائرس کے فائنل میں آج بھارت کا مقابلہ انگلینڈ سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے تلنگانہ کے حیدرآباد میں GMC بالایوگی ہاکی گراؤنڈ میں کھیلا جائے گا۔ فائنل میں پہنچنے تک بھارت اور انگلینڈ دونوں ٹیمیں ناقابل تسخیر رہی ہیں۔ سلیمہ Tete کی قیادت والی بھارتی ٹیم، کل رات اٹلی کو صفر کے مقابلے ایک سے شکست دے کر فائنل میں پہنچی ہے۔ قابل ذکر ہے کہ اٹلی پر فتح کے بعد بھارت نے اس سال ہونے والے FIH ہاکی عالمی کپ میں جگہ بنالی ہے۔ بھارت نے سال 2018، 2022 اور 2026 میں لگاتار تیسری مرتبہ خواتین ہاکی عالمی کپ کیلئے کوالیفائی کیا ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆